تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت

K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000

E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org


تنظیم اسلامی

30-اگست،2019ء

# پریس ریلیز

## پاکستان کے ہر شہری کے لیے فوجی تربیت کو حکومت لازم قرار دے۔

لاہور (پ ر) یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ ہم حکومتِ پاکستان کے اس اعلان کی تائید کرتے ہیں کہ مقبوضہ کشمیر میں بھارتی ظلم وستم کے خلاف پاکستان کے ہر طبقے کو اپنی سطح پر یکجہتی کا اظہار کرنا ہوگا۔ حکومتِ پاکستان کو چاہیے کہ وہ مزید ایسے عملی اقدامات کرے جن سے نہ صرف کرفیو میں محبوس کشمیریوں سے یکجہتی کا اظہار ہوتا نظر آئے بلکہ بھارت کو سفارتی اور تجارتی دباؤ میں لا کر کشمیریوں کو ان کے جائز حقوق دلوانے پر مجبور کیا جائے۔ اس سلسلے میں پاکستان کی فضائی حدود سے ہر قسم کے بھارتی طیارے گزرنے پر مکمل پابندی کے علاوہ پاکستان کے راستے دیگر ممالک میں جانے والی بھارتی ٹرانزٹ تجارت بھی مکمل طور پر بند کی جائے۔ مزید براں بھارت کے ساتھ سفارتی تعلقات بھی مکمل طور پر ختم کر دیے جائیں۔ انھوں نے کہا کہ حقیقت یہ ہے کہ پاکستان کے دفاع اور سلامتی سمیت مقبوضہ کشمیر کے مجبور مسلمانوں کی آزادی کی خاطر پاکستان کو امامت کا علم اپنے ہاتھ میں لینا ہوگا۔ جس کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان کو صحیح معنوں میں ایک ایسی اسلامی فلاحی ریاست بنایا جائے جو دیگر مسلمان ممالک کے لیے بھی روشنی کا مینارہ بن سکے۔ اللہ کی تائید اور نصرت تبھی حاصل ہو سکے گی۔ ان شاء اللہ!

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)

ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی

0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** **30 Aug** 2019

**Lahore (PR): "The government ought to make military training mandatory for every citizen of Pakistan.**

## (Hafiz Aakif Saeed)

**Lahore (PR): "The government ought to make military training mandatory for every citizen of Pakistan."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer remarked that we approve of the announcement made by the government of Pakistan that all sections of the Pakistani society will have to express solidarity with their Kashmiri brethren against the Indian oppression and atrocities, in their respective capacity. The government of Pakistan must take further practical steps to not only magnify the expression of solidarity with the Kashmiri brethren strangled by the curfew imposed by India, but also to pressurize India on the diplomatic and trade fronts to force India to concede the legitimate rights of the people of Occupied Kashmir. In this regard, the Ameer asserted, Pakistan ought to completely close its airspace to all kinds of Indian air traffic and also impose total embargo on all Indian indigenous and transit trade via Pakistan to other countries. Additionally, he said, Pakistan ought to immediately sever all diplomatic relations with India.

The Ameer remarked that the fact of the matter is that in order to ensure the security and defence of the country and the freedom of the oppressed Muslims of Occupied Kashmir, Pakistan ought to play the role of the flagbearer of the cause. In order to do so, the Ameer remarked, it is imperative that we mould Pakistan into such a genuine Islamic Welfare State that could serve as a beacon of light for other Muslim countries too. In that case alone, he concluded, we would be eligible for the succor and help of Allah *(SWT)*. *Insha Allah!*

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**MarkaziNazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**